میرے نزدیک امجد صدیقی ایک فرد کا نام نہیں ایک شخصیت ایک سوچ کا نام ہے میں ایک ایسی شخصیت سے مرعوب ہو جس نے مضبوطی ہمت بلند حوصلہ اور عزم کی مثال قائم کی۔

جس نے نہ صرف اپنے لیے نام اور مقام پیدا کیا بلکہ اپنی قوم و ملک کا بھی نام روشن کیا اور ان کا سر فخر سے بلند کردیا ۔

انہوں نے ایسی مثال قائم کی کہ اگر انسان پر عزم ہو کر پختہ ارادہ کرلے تو دنیا اس کے قدموں میں بچھ

جاتی ہے تو انسان کی معذوری بھی اس کی مجبوری نہیں رہتی وہ اپنی تمام تر جسمانی کمی کے ساتھ بھی تمام صحت مند لوگوں کو بھی پیچھے چھوڑ سکتا ہے۔۔

انہوں نے چاہا اور پورا کیا کہ لوگوں کی نظروں میں ان کے لئے ترس نہ ہو بلکہ رشک ہو اور اسی لیے ہم ان کو دیکھتے ہوئے آج فخر محسوس کرتے ہیں کہ یہ ہم میں سے ہیں ہم ان کی دن رات کی انتھک محنت لگن اور کامیابی کے لئے ان کو داد تحسین پیش کرتے ہیں ان کے لیے بخوبی ہم یہ کہہ سکتے ہیں

کہ ارادے جن کے پختہ ہوں نظر جن کی خدا پر ہو

طلاطم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

رانا عظیم سینیر جرنلسٹ